Ontario

**وزارت محنت، تربیت و ہنر کا فروغ**
**(Ministry of Labour, Training and Skills Development)**

# ملازمت کے معیارات سے متعلق ایکٹ، 2000 (Employment Standards Act, 2000) کے تحت غیر ملکی شہری کے طور پر آپ کے حقوق۔

**اعلان دستبرداری:** یہ وسیلہ ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000) (ESA) اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای ایس اے (ESA) یا ضوابط کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ ہمیشہ قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہیے۔ ای ایس اے (ESA) صرف کم از کم معیارات فراہم کرتا ہے۔ بعض ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون یا دیگر قانون کے تحت وسیع تر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔

یہ پرچۂ معلومات ملازمت کے معیارات سے متعلق ایکٹ، 2000 (ای ایس اے) Employment Standards Act, 2000) (ESA) کے تحت اونٹاریو میں برسر ملازمت ایک غیر ملکی شہری کے بطور آپ کے حقوق کا خلاصہ بیان کرتا ہے۔اونٹاریو میں برسر ملازمت غیر ملکی شہریوں کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں جو اونٹاریو میں کام کرنے والے زیادہ تر دوسرے ملازمین کو حاصل ہیں۔

ای ایس اے (ESA) اونٹاریو میں زیادہ تر کام کی جگہوں کے لیے کم از کم معیارات طے کرتا ہے، جیسے کم سے کم اجرت اور کام کے اوقات پر حدبندی۔ کچھ ملازمین پر خصوصی اصول اور استثنآت لاگو ہوتے ہیں۔ آیا آپ کی ملازمت خصوصی اصول یا استثنآت کا مستوجب ہے یا نہیں، اس بارے میں مزید معلومات اور جانکاری کے لیے Ontario.ca/ESAtools پر جائیں۔

آپ کے آجر سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ آپ کو ملازمت شروع کرنے کے 30 دن کے اندر اس پرچۂ معلومات کی نقل فراہم کرے۔اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے اور یہ پرچہ آپ کی زبان میں دستیاب ہے، تو آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو یہ پرچۂ معلومات آپ کی پہلی زبان میں فراہم کرے۔

آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو ملازمت شروع کرنے کے 30 دن کے اندر اندر ملازمت کے معیارات کا پوسٹر بھی فراہم کرے۔ اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے تو آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو پوسٹر آپ کی پہلی زبان میں فراہم کرے، اگر آپ اس کا مطالبہ کرتے ہیں اور یہ دستیاب ہے۔

اونٹاریو میں برسر ملازمت غیر ملکی شہری کی حیثیت سے، آپ بھی غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ، 2009-(ای پی ایف این اے) (Employment Protection for Foreign Nationals Act,2009 (EPFNA) کے تحت شامل ہیں۔ آپ کے بحال کنندہ، یا آپ کے آجر اگر آپ نے بحال کنندہ کا استعمال نہیں کیا ہے، کے لیے یہ بھی لازم ہے کہ وہ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت آپ کے حقوق کے بارے میں آپ کو پرچۂ معلومات فراہم کرے۔ اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے تو آپ کے آجر یا بحال کنندہ کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو یہ پرچۂ معلومات آپ کی پہلی زبان میں فراہم کرے، اگر یہ دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی Ontario.ca/EPFNA ملاحظہ کریں۔ کام پر ملازمت کے معیارات سے متعلق میرے حقوق کیا ہیں؟

## کم از کم اجرت

عام طور پر، یہ لازم ہے کہ آپ کو کم از کم اجرت ادا کی جائے۔ کچھ معاملات میں، آجر کے ذریعہ ادا کردہ کمرے اور بورڈ کی رقم کو اجرت سمجھا جا سکتا ہے۔

کم از کم اجرت یا یہ کہ کمرے اور بورڈ کا کم از کم اجرت پر کیسا اثر پڑتا ہے، اس بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی ملاحظہ کریں: Ontario.ca/minimumwage۔

## مستقل ادائیگی کے دن اور اجرت کے گوشوارے

آپ کے آجر کو لازمی طور پر ادائیگی کا دن مقرر کرنا ہوگا، مثال کے طور پر، ہر دو ہفتے میں جمعرات کو، یا ہر مہینے کی پہلی اور پندرہ تاریخ کو۔ آپ کے آجر کو لازمی طور پر کسی ادائیگی کی مدت میں کمائی گئی تمام اجرتیں ادا کرنی ہوں گی جس میں اس ادائیگی کے دن سے زیادہ تاخیر نہیں ہوگی۔

آپ کے آجر کو لازمی طور پر آپ کو اجرت کا گوشوارہ فراہم کرنا ہوگا (جسے پے اسٹب بھی کہا جاتا ہے)۔ اگر آپ کو پرنٹر تک رسائی حاصل ہے تو آپ کے آجر کو لازمی طور پر آپ کو آپ کے اجرت کا گوشوارہ تحریری طور پر یا ای میل کے ذریعہ دینا ہوگا۔ آپ کے پے اسٹب میں درج ذیل معلومات شامل ہونی چاہئے:

- ادائیگی کی مدت
- اجرت کی شرح، اگر موجود ہے
- اجرت کی مجموعی رقم
- ہر کٹوتی کی رقم اور مقصد
- کمرے اور بورڈ (اگر کوئی ہے) کے لیے ادا کی گئی رقم
- اجرت کی خالص رقم

## کام کے گھنٹوں پر حدود اور کھانے کے وقفے

اگر آپ کا مستقل کام کا دن آٹھ گھنٹے سے زیادہ لمبا ہے تو آپ سے آٹھ گھنٹے یا آپ کے مستقل کام کے دن کے گھنٹوں کی تعداد سے زیادہ کام کرنے کا تقاضا نہیں کیا جا سکتا ہے۔آپ سے ہفتے میں 48 گھنٹوں سے زیادہ کام کرنے کا تقاضا بھی نہیں کیا جا سکتا ہے۔ آپ فی دن یا فی ہفتہ زیادہ گھنٹے کام کر سکتے ہیں اگر آپ اور آپ کا آجر تحریری طور پر اس بات سے اتفاق کرتے ہیں۔

آپ کے پانچ گھنٹہ کام کر لینے کے بعد آپ کے آجر کو آپ کو 30 منٹ کا کھانے کا وقفہ دینا ہوگا۔آپ اور آپ کا آجر دو مختصر تر کھانے کے وقفوں پر راضی ہو سکتے ہیں جو مل کر 30 منٹ بنتے ہوں اگر آپ ان دو مختصر تر وقفوں کو پانچ گھنٹے کام کرنے سے پہلے لیتے ہیں۔

آپ کو ہر دن لازمی طور پر کم از کم 11 گھنٹے کام سے مسلسل چھٹی ملے گی۔ عام طور پر، آپ کو لازمی طور پر شفٹوں کے درمیان آٹھ گھنٹے کام سے چھٹی ملے گی۔ آپ کو کام کرنے کے ہر ہفتے لازمی طور پر لگاتار 24 گھنٹے کام سے چھٹی ملنی چاہئے، یا کام کرنے کے ہر دو ہفتے کے عرصے میں لگاتار 48 گھنٹے کام سے چھٹی ملنی چاہئے۔ Ontario.ca/hoursofwork پر کام کے اوقات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## اوور ٹائم تنخواہ

عام طور پر، اگر آپ ایک ہفتے میں 44 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں تو آپ کے آجر کو آپ کو اوور ٹائم کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ اوور ٹائم کی ادائیگی آپ کی مستقل ادائیگی کی شرح سے 1½ گنا ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر: شیری ہر گھنٹے 17.00 ڈالر کماتی ہے۔ اس نے ایک ہفتے میں 48 گھنٹے کام کیا، جس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے چار گھنٹے اوور ٹائم کام کئے۔ شیری کی اوور ٹائم شرح فی گھنٹہ 25.50 ڈالر (17.00 ڈالرx1.5) ہے۔ شیری نے اوور ٹائم میں (25.50 ڈالرx4 ) کی در سے 102.00 ڈالر کمائے۔

آپ اوور ٹائم کی ادائیگی کے بجائے کام سے با معاوضہ چھٹی لے سکتے ہیں اگر آپ اور آپ کا آجر تحریری طور پر اس بات سے اتفاق کرتے ہیں۔ اوور ٹائم کام کیے گئے ہر گھنٹے کے لیے 1½ گھنٹے کی با معاوضہ چھٹی فراہم کی جاتی ہے۔ یہ چھٹی تین مہینوں کے اندر لے لی جانی چاہئے۔

Ontario.ca/overtime پر اوور ٹائم کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## چھٹی کا وقت اور ادائیگی

زیادہ تر ملازمین کو چھٹی کے وقت اور چھٹی کی ادائیگی کا حق حاصل ہے۔ چھٹی کے وقت اور چھٹی کی ادائیگی کی مقدار اس بات پر منحصر ہوتی ہے کہ آپ نے اپنے آجر کے لیے کتنے عرصے تک کام کیا ہے۔ اگر آپ نے اپنے آجر کے لیے پانچ سال سے کم عرصہ تک کام کیا ہے، تو آپ کو ہر بارہ ماہ کی چھٹی کے مستحق سال کے بعد دو ہفتوں کی چھٹی اور آپ کی کل اجرت کی چار فیصد چھٹی کی ادائیگی کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ نے اپنے آجر کے لیے پانچ سال یا اس سے زیادہ عرصہ تک کام کیا ہے، تو آپ کو ہر بارہ ماہ کی چھٹی کے مستحق سال کے بعد تین ہفتوں کی چھٹی اور آپ کی کل اجرت کی چھ فیصد چھٹی کی ادائیگی کا حق حاصل ہے۔

عام طور پر، آپ کے آجر کو آپ کے چھٹی لینے سے پہلے آپ کی چھٹی کی ادائیگی یک مشت کرنی ہوگی۔ تاہم، آپ کے تحریری معاہدے کے ساتھ، آپ کا آجر ہر تنخواہ کے چیک پر آپ کی چھٹی کی ادائیگی کر سکتا ہے۔

مثال کے طور پر: ملالہ نے اپنے آجر کے لیے تین سال کام کیا ہے۔ وہ دو ہفتے کی چھٹی لے سکتی ہے اور چھٹیوں کی ادائیگی میں چار فیصد کماتی ہے۔ وہ ہر دو ہفتے میں 1500.00 ڈالر کماتی ہے۔ ملالہ اور اس کے آجر نے اتفاق کیا کہ ہر تنخواہ کے چیک پر اسے چھٹی کی ادائیگی کی جائے گی۔ ملالہ کو ہر تنخواہ کے چیک پر چھٹی کی ادائیگی میں 60.00 ڈالر (1500 ڈالرx4%)ادا کیا جاتا ہے۔

چھٹی کے وقت اور چھٹی کی ادائیگی کے بارے میں مزید معلومات Ontario.ca/vacation پر حاصل کریں۔

## سرکاری چھٹیاں

اونٹاریو میں ہر سال نو سرکاری چھٹیاں ہوتی ہیں:

- نئے سال کا دن
- فیملی ڈے
- گڈ فرائیڈے
- وکٹوریہ ڈے
- کینیڈا ڈے
- لیبر ڈے
- یوم تشکر
- کرسمس ڈے
- باکسنگ ڈے

عام طور پر، آپ کو ان دنوں کام سے چھٹی لینے اور سرکاری چھٹی کی ادائیگی کیے جانے کا حق حاصل ہے۔

Ontario

سرکاری چھٹی کی ادائیگی کا حساب لگانے کا ایک فارمولہ ہے:

- اپنی کمائی گئی مستقل اجرت اور جس کام کے ہفتے میں سرکاری چھٹی کا دن آتا ہے اس سے پہلے چار ہفتوں میں تمام واجب الادا چھٹی کی ادائیگی کو جوڑیں
- اس نمبر کو 20 سے تقسیم کریں

مثال کے طور پر: جوزف ہر ہفتے 600 ڈالر کماتا ہے۔ وہ ہر تنخواہ کے چیک پر چھٹی کی ادائیگی کا 4% حاصل کرتا ہے۔ جس کام کے ہفتے میں سرکاری چھٹی کا دن آتا ہے اس سے پہلے چار ہفتوں میں جوزف کی مستقل اجرت 2400 ڈالر (600 ڈالرx4)تھی۔ سرکاری چھٹی کے دن سے پہلے چار ہفتوں میں، جوزف کو واجب الادا چھٹی کی ادائیگی کی رقم 96 ڈالر (2400 ڈالر%x4)تھی۔ جوزف کی سرکاری چھٹی کی ادائیگی 124.80 ڈالر (2496 ڈالر÷ 20) ہے۔

اگر آپ اور آپ کا آجر تحریری طور پر اتفاق کرتے ہیں تو آپ سرکاری چھٹی کے دن کام کر سکتے ہیں۔ عام طور پر، اگر آپ سرکاری چھٹی کے دن کام کرتے ہیں، تو آپ کو سرکاری چھٹی کے دن کیے گئے آپ کے گھنٹوں کے لیے سرکاری چھٹی کے دن کی ادائیگی اور پریمیم ادائیگی کی جائے گی یا سرکاری چھٹی کے دن کیے گئے کام کے گھنٹوں کے لیے آپ کی مستقل اجرت دی جائے گی اور سرکاری چھٹی کے دن کی ادائیگی کے ساتھ ایک مختلف دن کی چھٹی لینی ہوگی۔سرکاری چھٹیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Ontario.ca/publicholidays پر جائیں۔

## غیر حاضری کی چھٹیاں

ای ایس اے (ESA) کے تحت، بہت سی بنا اجرت والی، نوکری کی تحفظ یافتہ غیر حاضری کی چھٹیاں ہیں، جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- بیماری کی چھٹی: اگر آپ بیمار یا زخمی ہیں یا آپ کو کوئی طبی ایمرجنسی ہے تو آپ ہر سال بلا معاوضہ تین دن کی بیماری کی چھٹی لے سکتے ہیں۔ آپ کم از کم دو ہفتوں تک لگاتار اپنے آجر کے لیے کام کرنے کے بعد ہی بیماری کی چھٹی لے سکتے ہیں۔
- کنبہ جاتی ذمہ داری کی چھٹی: آپ کنبہ کے ان افراد کی دیکھ بھال کے لیے ہر سال بلا معاوضہ تین دن کی چھٹی لے سکتے ہیں جو بیمار یا زخمی ہیں یا جنھیں کوئی طبی ایمرجنسی یا اہم مسئلہ ہے۔ ان رشتہ داروں میں شریک حیات، بچے، والدین، دادا دادی یا وہ رشتہ دار شامل ہیں جن کا انحصار دیکھ بھال یا نگہداشت کے لیے آپ پر ہوتا ہے۔ آپ کم از کم دو ہفتوں تک لگاتار اپنے آجر کے لیے کام کرنے کے بعد ہی کنبہ جاتی ذمہ داری کی چھٹی لے سکتے ہیں۔
- حمل کی چھٹی: حاملہ ملازمین اپنی مقررہ تاریخ سے پہلے 17 ہفتوں کے اندر اندر کسی وقت 17 ہفتوں تک کی بلا معاوضہ چھٹی لے سکتی ہیں۔ کوئی ملازم صرف اسی وقت حمل کی چھٹی لے سکتی ہے اگر اس نے اپنی مقررہ تاریخ سے کم از کم 13 ہفتے پہلے آجر کے لیے کام کرنا شروع کیا ہو۔

- والدانہ چھٹی: نئے والدین 61 یا 63 ہفتوں تک کی بلا معاوضہ والدانہ چھٹی لے سکتے ہیں۔ کوئی ملازم صرف اسی وقت والدانہ چھٹی لے سکتا ہے اگر اس نے چھٹی شروع کرنے سے کم از کم 13 ہفتے پہلے آجر کے لیے کام کرنا شروع کیا ہو۔

ای ایس اے (ESA) کے تحت اور بھی چھٹیاں ہیں، جس میں صدمہ سے متعلق چھٹی، کنبہ جاتی نگراں کی چھٹی اور کنبہ جاتی طبی چھٹی شامل ہیں۔

Ontario.ca/ESAguide پر غیر حاضری کی چھٹیوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

## معطلی کی نوٹس اور ادائیگی

بیشتر معاملات میں، اگر آپ کا آجر آپ کی ملازمت کو ختم کرنا چاہتا ہے، تو آپ کے آجر کو لازمی طور پر آپ کو ملازمت کی معطلی یا معطلی کی ادائیگی کے لیے تحریری نوٹس دینا ہوگا۔ معطلی کے نوٹس یا معطلی کی ادائیگی کا حق حاصل کرنے کے لیے آپ کو کم از کم تین ماہ تک اپنے آجر کے لیے کام کرنا ہوگا۔

نوٹس یا ادائیگی کے مقدار کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ آپ نے اپنے آجر کے لیے کتنے عرصے تک کام کیا ہے۔

- ایک سال کی ملازمت سے کم: ایک ہفتہ
- ایک سال سے دو سال کی ملازمت: دو ہفتے
- تین سال کی ملازمت: تین ہفتے
- چار سال کی ملازمت: چار ہفتے
- پانچ سال کی ملازمت: پانچ ہفتے
- چھ سال کی ملازمت: چھ ہفتے
- سات سال کی ملازمت: سات ہفتے
- آٹھ یا اس سے زیادہ سال کی ملازمت: آٹھ ہفتے

مثال کے طور پر: لی نے اپنے آجر کے لیے 16 ماہ تک کام کیا۔ اس نے ہر ہفتے 800.00 ڈالر کمائے۔ اس کے آجر کو اسے دو ہفتے کا معطلی کا نوٹس دینا یا معطلی کی ادائیگی کرنی ضروری ہے۔ اس کا آجر اسے معطلی کی ادائیگی کرنے کا انتخاب کرتا ہے۔ اس کے آجر کو اسے 1600.00 ڈالر (800 ڈالر x2) ادا کرنی ہوگی۔

Ontario.ca/terminationofemployment پر مزید معلومات حاصل کریں یا اس بات کا حساب لگانے کے لیے Ontario.ca/ESAtools پر جائیں کہ آپ کو کتنی معطلی کی نوٹس یا معطلی کی ادائیگی واجب الادا ہوگی۔

Ontario

## آپ اپنے حقوق ترک کرنے پر راضی نہیں ہو سکتے ہیں

آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے کسی بھی حقوق کو ترک کرنے کے لیے راضی یا کسی معاہدے پر دستخط نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ معاہدے اور عہد نامے درست نہیں ہیں۔مثال کے طور پر، اگر آپ کسی معاہدے پر دستخط کرتے ہیں جس میں یہ کہتے ہیں کہ آپ کا آجر آپ کو کم از کم اجرت سے کم ادائیگی کرے گا، تو یہ معاہدہ درست نہیں ہوگا۔

## ای ایس اے (ESA) کے اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انھیں استعمال کرنے پر آپ کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے

اگر آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں پوچھتے ہیں یا ان کا استعمال کرتے ہیں تو آپ کا آجر آپ کو کسی بھی طرح سے، بشمول آپ کی ملازمت ختم کر کے، سزا نہیں دے سکتا ہے۔

## مزید معلومات یا دعوی دائر کرنے کے لیے

ای ایس اے (ESA) کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Ontario.ca/ESAguide ملاحظہ کریں۔

اگر ای ایس اے (ESA) کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں، تو آپ ملازمتی معیارات کے مرکز معلومات (Employment Standards Information Centre) کو 416-326-7160 پر، ٹول فری 1-800-531-5551 پر یا TTY 1-866-567-8893 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق موصول نہیں ہوئے ہیں، تو آپ Ontario.ca/ESAclaims پر وزارت محنت، تربیت و ہنر کے فروغ

(Ministry of Labour, Training and Skills Development) کے پاس دعوی دائر کر سکتے ہیں۔